Press Release

March 14, 2018

For immediate release

کمپنی کی رجسٹریشن اور ٹیکس نمبر کے ایک ساتھ حصول کے لئے ون ونڈو سہولت کا اجرا

اسلام آباد (مارچ 14) ملک میں نئے کاروبار کی رجسٹریشن کو مزید آسان اور سہل بنانے کے لئے سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے مشترکہ ون ونڈو سہولت کا آغاز کر دیا ہے جس کے ذریعے اب کمپنی کی رجسٹریشن اور کمپنی کا ٹیکس رجسٹریشن نمبر ایک ساتھ حاصل کیا جا سکے گا۔

ایس ای سی پی کے چیئرمین ظفر عبداللہ اور ایف بی آر کے ممبر (آئی ٹی) خواجہ عدنان ظہیر نے ایس ای سی پی کے صدر دفتر میں منعقد ہونے والی تقریب میں اس ون ونڈو سہولت کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ایس ای سی پی، ایف بی آر، بورڈ آف انویسٹمنٹ اور پرال کی سینئر عہدیداران موجود تھے۔ ایس ای سی پی کے چیئرمین ظفر عبداللہ نے ایس ای سی پی، ایف بی آر اور پرال کی ٹیم کو کمپنی کی رجسٹریشن اور ٹیکس نمبر کے ایک ساتھ اجرا کے لئے مشترکہ سسٹم بنانے پر مبارک باد دی۔

اس موقع پر چیئرمین ایس ای سی پی نے شرکا کو ملک میں کارپوٹائزیشن کے فروغ اور ملکی معیشت کو دستاویزی شکل دینے کے لئے کی گئی اصلاحات بارے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ نظام میں جدت لانے کے لئے اداروں کی آپس میں کوارڈینیشن بہت اہم ہے اور اس طرح بہت سارے طریقہ کار کو سہل اور کم وقت میں مکمل کیا جا سکتا ہے۔

خواجہ عدنان نے کہا کہ دو حکومتی اداروں کے مابین تکنیکی بنیادوں پر انٹگریشن کی یہ پہلی کامیاب مثال ہے اور کوشش کی جائے گی کہ دیگر اداروں کو بھی اس نظام میں شامل کر کے نظام کو جدید اور آسان بنایا جائے۔ سرکاری محکموں کے آپس میں تعاون سے بہت بہتر نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

بورڈ آف انوسمنٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر جنرل فرینہ مظہر نے کاروباری آسانیاں پیدا کرنے کے لئے ایس ای سی پی اور ایف بی آر کی کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ کمپنی اور ٹیکس کی رجسٹریشن کی آسانی بیرونی سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کے لئے نہایت اہم ہے۔

اس موقع پر شرکا کو ایک وڈیو کے ذریعے کمپنی اور این ٹی این کی رجسٹریشن کے آسان طریقہ کار کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ یہ ویڈیو ایس ای سی پی کی کمپنی رجسٹریشن آفس میں بنائی گئی تھی جس میں ہر ایک طریق کار کو واضح طور پر سمجھایا گیا ہے۔ یہ ون ونڈو سہولت ایس ای سی پی کے کمپنی رجسٹریشن کی آن لائن نظام اور ایف بی آر کے این ٹی این کی رجسٹریشن کے نظام کو انٹگریٹ کر کے ترتیب دیا گیا ہے۔ اس سہولت کے ذریعے، کمپنی رجسٹریشن کے درخواست گزار ایس ای سی پی کے ای سروسز کے پورٹل کے ذریعے کمپنی کی رجسٹریشن کروائیں گے اور رجسٹریشن مکمل ہونے پر کمپنی کے ای میل ایڈریس پر این ٹی این نمبر موصول ہو جائے گا۔

اس سہولت کا مقصد نئے کاروبار کے آغاز کو آسان بنانا اور کارپوریٹ سیکٹر کو زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کرنا ہے اور نئی کمپنی کی حکومت کی مختلف محکموں کے ساتھ رجسٹریشن کو آسان اور تیز تر بنانا ہے۔ ایس ای سی پی اور آیف بی آر کی ون ونڈو سہولت ملک میں سرمایہ کاری کو فروغ دینے اور معیشت کو دستاویزی شکل دینے میں اہم ثابت ہو گی جبکہ اس سہولت کے آغاز سے ورلڈ بینک کی کاروبار کرنے کے لئے آسانی کے حوالے سے رٹینگ میں بھی بہتری آئے گی۔